## ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

آر بی آئی 20-2019/68

01 جولائی 2019

ماسٹر ڈائریکشن ڈی سی ایم (سی سی) نمبر G-4/03.35.01/2019-20

1- دی چیئرمین اینڈ مینجنگ ڈائریکٹر/ چیف ایکزیکیٹو آفیسر

(کرنسی چیسٹ والی سبھی بینکیں)

2- دی ڈائریکٹر آف ٹریزریز

(صوبائی حکومتیں)

محترمہ/محترم!

# ماسٹر ڈائریکشن ۔ بینکوں و کرنسی چیسٹ بینکوں کے ذریعہ رپورٹنگ میں تاخیر/ غلط رپورٹنگ /کرنسی چیسٹ ٹرانزیکشن پر رپورٹنگ نہیں اور کرنسی چیسٹ بیلنس میں غیر موزوں رقم کی شمولیت پر پینل انٹریسٹ کی وصولی

آر بی آئی ایکٹ 1934 کے سیکشن 45 کی تمہید و بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کی شرائط کے مطابق بینک کی کلین نوٹ پالیسی کے مقاصد کو بروئے کار لانے کے لئے بینک نے رہنما خطوط/ ہدایات جاری کی ہیں۔ ان مقاصد کو عملی جامہ پہنانے کے لئے کی گئی کوششوں اور بینکوں میں ڈسپلن قائم رکھنے کے لئے ان کے ذریعہ کرنسی چیسٹ ٹرانزیکشن کو صحیح صحیح اور وقت پر ریزرو بینک کو رپورٹنگ کرنے سے متعلق اس مضمون پر ہم نے ہدایات جاری کی ہیں۔

2- منسلکہ ماسٹر ڈائریکشن میں اس سے متعلق سرکلر اور اپ ڈیٹیڈ رہنما خطوط شامل کئے گئے ہیں۔ اس ماسٹر ڈائریکشن میں وقتاً فوقتاً جاری ہونے والی مزید ہدایات کو شامل کیا جاتا رہے گا تا کہ یہ اپ ڈیٹیڈ رہے۔

3- اس ماسٹر ڈائریکشن کو آر بی آئی کی ویب سائٹ www.rbi.org.in پر رکھ دیا گیا ہے۔

آپ کا مخلص

(مانس رنجن موہنتی)

چیف جنرل منیجر

منسلک: مندرجہ بالا ماسٹر ڈائریکشن

اینکزر

1. پینل انٹریسٹ ۔ رپورٹنگ میں تاخیر/ غلط رپورٹنگ/ کرنسی چیسٹ ٹرانزیکشن کی رپورٹنگ نہیں کرنے پر۔

1.1 رپورٹنگ آف کرنسی چیسٹ ٹرانزیکشنس:

کرنسی چیسٹ سے رقم کی نکاسی/ رقم جمع کرنا۔ کم سے کم ایک لاکھ روپیہ اس کے بعد روپیہ پچاس ہزار کے ضرب میں۔

1.2 رپورٹنگ کی ٹائم لمٹ

1.2.1 کرنسی چیسٹ/ لنک آفسسز کو چاہیئے کہ CyM - CC پورٹل پر اسی دن شام 6 بجے تک ریز روبینک کو رپورٹنگ کریں۔

1.2.2 سب ٹریزری آفسسز (ایس ٹی اوز) براہ راست اسی دن شام 6 بجے تک متعلقہ آر بی آئی کے اشو آفس کو رپورٹنگ کریں۔

1.2.3 بینکوں میں ''اسٹرائک پیریڈ کے دوران رپورٹنگ میں راحت۔

بینکوں میں عام ہڑتال/مخصوص ہڑتال ہونے پر معاملہ کے مطابق رپورٹنگ پیریڈ میں راحت دینے پر غور کیا جائے گا۔

1.3 رپورٹنگ میں تاخیر پر پینل انٹریسٹ وصول کیا جائے گا۔

1.3.1 کرنسی چیسٹ ٹرانزیکشن کی رپورٹنگ میں تاخیر ہونے پر اس سرکلر کے پیراگراف 3 میں بتائی گئی شرح کے حساب سے چیسٹ والی بینک پر تاخیر کی مدت کے مطابق مقررہ پینل انٹریسٹ وصول کیا جائے گا۔ پینل انٹریسٹ T + O کی بنیاد پر کلکلیٹ ہوگا۔ مثلاً پینل انٹریسٹ کی وصولیابی کرنسی چیسٹ/ لنک آفسسز کے ذریعہ آر بی آئی کے اشو آفس کو شام 6 بجے تک اسی دن رپورٹنگ نہ کرنے پر ہوگی۔ ریز روبینک پینل انٹریسٹ عائد کرنے کے لئے اپنے اختیارات سے خاص معاملہ میں وقت کی مدت میں راحت دے سکتا ہے۔

1.3.2 سب ٹریزری کے ذریعہ بھی اسی دن 6 بجے تک رپورٹنگ نہ کرنے پر (براہ راست آر بی آئی کے اشو آفس کو) اس پر بھی پینل انٹریسٹ عائد کیا جائے گا۔

1.4 غلط رپورٹنگ کرنے پر پینل انٹریسٹ کی وصولیابی۔

غلط رپورٹنگ سے متعلق سبھی معاملات میں ریز روبینک سے صحیح رپورٹنگ کی ایڈوائزر کے حصول کی تاریخ تک کے لئے پینل انٹریسٹ لگے گا ۔ کیوں کہ بینکوں کے ریز روبینک کے پاس کرنٹ اکاؤنٹس میں ڈیبٹ/ کریڈٹ کرنسی چیسٹ/ لنکڈ آفسسز کے ذریعہ کئے گئے ٹرانزیکشنس کے مطابق ہی ہوتے ہیں۔ کرنسی چیسٹ کے ذریعہ کی گئی غلط رپورٹنگ کے ہر معاملہ میں پینل انٹریسٹ عائد کیا جائے گا۔ یہ امید کی جاتی ہے کہ کرنسی چیسٹ/ لنک آفس CyM - CC پورٹل پر رپورٹنگ کے لئے اس کا صحیح ہونا یقینی بنائیں۔ خاص طور سے اس بات کا خیال رکھیں کہ نئے نوٹوں کے ریمیٹینس کو/ کرنسی چیسٹ کے نوٹوں کو اس پورٹل پر ''ڈپازٹ ٹرانزیکشن'' کے طور پر نہ دکھائیں۔

1.5 سوائلڈ نوٹس ریمیٹینس ریز روبینک کو/ دوسرے چیسٹوں کو ڈائیورزن کی رپورٹنگ

آر بی آئی کو بھیجے جانے والے خراب (سوائلڈ) نوٹوں/ دوسرے کرنسی چیسٹوں کو ڈائیورزن کے لئے بھیجے جانے والے نوٹوں کو کرنسی چیسٹ/ لنکڈ آفس اپنی رپورٹنگ میں ودھڈرال (نکاسی) نہ دکھائیں اگر ایسے ریمیٹینس کو ودھڈرال دکھا کر غلط رپورٹنگ کی تو ریمیٹینس کی ویلو کچھ بھی ہو یا مدت کچھ بھی ہو پچاس ہزار روپیہ (Rs.50,000) پینل انٹریسٹ غلط رپورٹنگ پر وصول کیا جائے گا۔

1.6 کرنسی چیسٹ میں ''نیٹ ڈپازٹ'' رہنے پر رپورٹنگ میں تاخیر۔

اگر کسی کرنسی چیسٹ میں ''نیٹ ڈپازٹ'' تھا اور اس نے رپورٹنگ میں تاخیر کی تو رپورٹنگ میں تاخیر پر موجودہ شرح کے حساب سے پینل انٹریسٹ چارج نہیں کیا جائے گا۔ لیکن رپورٹنگ میں ڈسپلن برقرار رکھنے کو یقینی بنانے کے لئے کرنسی چیسٹ ٹرانزیکشن رپورٹنگ میں تاخیر کرنے کی

وجہ سے ''نیٹ ڈپازٹ کی ویلیو'' خواہ کچھ بھی ہو پچاس ہزار روپیہ (Rs.50,000) کا جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

1.7 ڈائیورزن رپورٹنگ CyM-CC پورٹل میں۔

سبھی کرنسی چیسٹ ڈائیورزن (دونوں ہی معاملہ میں ڈائیورزن خواہ ایک بینک کے چیسٹوں کے درمیان ہو یا مختلف بینکوں کے چیسٹوں کے درمیان) کو CyM-CC پورٹل کے ''ڈائیورزن ماڈیول'' کے ذریعہ رپورٹ کرنا ہوگا۔ سی سی (کرنسی چیسٹ) ڈائیورزن بھیجنے والے کو ڈائیورزن اینٹری شروع کرنا ہوگی۔ اور ڈائیورزن حاصل کرنے والے سی سی کو اکناج کرنا ہوگا۔ کسی بھی حالت میں ڈائیورزن کو ڈپازٹ/ ودھڈرال کی طرح رپورٹ نہیں کرنا ہوگا۔

1.8 میکزیمم پینل انٹریسٹ چارج کیا جائے گا؟

غلط یا تاخیر سے رپورٹنگ کے لئے زیادہ سے زیادہ کتنی رقم پینل انٹریسٹ کے طور پر وصولی جائے ایسی کوئی شرط/ ہدایت نہیں ہے۔ چونکہ ہمارا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ رپورٹنگ صحیح اور وقت پر ہو کرنسی چیسٹ ٹرانزیکشن کتنا بھی کیوں نہ ہو پینل انٹریسٹ ہر معاملہ میں وصول کیا جائے گا۔ پینل انٹرنیٹ کی رقم نزدیکی روپیہ تک وصول کی جائے گی۔

2- کرنسی چیسٹ بیلنس میں غیر موزوں رقم کی شمولیت کے لئے پینل انٹریسٹ:

2.1 سبھی معاملوں میں جہاں ریزرو بینک کے ساتھ کرنٹ اکاؤنٹ میں بینک نے غیر موزوں رقم کو کریڈٹ دکھایا ہے اور ایسا بینک کی غلط رپورٹنگ/ تاخیر رپورٹنگ/ ٹرانزیکشن کی رپورٹنگ نہیں کی وجہ سے بینک مزہ لے رہی ہے اس سے پینل انٹریسٹ وصول کیا جائے گا۔ چیسٹ بیلنس میں کمی/ ریمٹینس، چھوٹی موٹی چوری، دھوکہ دھڑی، جعلی (نقلی) بینک نوٹس جو چیسٹ بیلنس میں پہونچائے جائیں/ ریمٹینس میں ملیں ''جرمانہ کی اسکیم'' کے مطابق جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

2.2 مزید یہ کہ، چیسٹ بیلنس میں، جوائنٹ کسٹوڈین کی کسٹڈی میں نقدی (کیش) جو آسانی سے حاصل ہو کو بھی شامل کیا جائے گا۔ لہٰذا کسی بھی وجہ سے سیلڈ کور (مہر بند لفافہ) میں سیف کسٹڈی کے لئے رکھا ہوا کیش خواہ وہ ٹرنک میں/ بین میں جوائنٹ کسٹوڈین کے تالوں کے علاوہ کسی تیسرے آفیشیل کے تالہ لگا ہونے پر اس رقم کو چیسٹ بیلنس میں شمار نہیں کیا جائے گا۔ اگر اس رقم کو چیسٹ بیلنس میں شامل کیا جاتا ہے تو اس کو غلط رپورٹنگ تسلیم کیا جائے گا اور اس پر پیرا 3 میں بتائے گئے شرح کے حساب سے پینل انٹریسٹ وصول کیا جائے گا۔

2.3 سبھی مندرجہ بالا معاملات میں (چیسٹ بیلنس میں کمی، ریمٹینس، چھوٹی موٹی چوری کی وجہ سے کمی/ دھوکہ دھڑی چیسٹ بیلنس میں نقلی/ جعلی بینک نوٹ پائے جانے پر/ ریمٹینس میں پائے جانے پر کے علاوہ) پینل انٹریسٹ وصول کیا جائے گا غیر موزوں رقم کو چیسٹ بیلنس میں دکھانے کی تاریخ سے اس وقت تک جب کہ اس غیر موزوں رقم کو چیسٹ بیلنس سے ہٹا نہ دیا جائے۔ چیسٹ بیلنس میں کمی/ ریمٹینس میں کمی چوری/ فراڈ کی وجہ سے کمی، چیسٹ بیلنس/ ریمٹینس میں نقلی نوٹ نکلنے پر ''جرمانہ کی اسکیم'' کی بنیاد پر جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

3- پینل انٹریسٹ کی شرح:

پینل انٹریسٹ، بینک ریٹ (موجود) سے 2% اوپر رپورٹنگ میں تاخیر/ غلط رپوٹنگ/ رپورٹنگ نہیں/ غیر موزوں رقم کی شمولیت چیسٹ بیلنس میں ہونے پر وصول کیا جائے گا۔

4- ٹریزری کے کرنسی چیسٹ کے معاملہ میں پینل انٹریسٹ کی وصولیابی (لیوی)۔

مندرجہ بالا انٹرکشنس ٹریزری/ سب ٹریزری دفتروں کے کرنسی چیسٹوں پر بھی لاگو ہوں گے۔

5- نمائندگی:

5.1 پینل انٹریسٹ کی لیوی رپورٹنگ میں تاخیر کی وجہ سے ہوتی ہے وہ دنوں کی تعداد کے حساب سے ہوتی ہے عام طور پر اس پر دوبارہ غور کرنے کے لئے بینکوں کو کوئی موقع نہیں دیا جاتا ہے لیکن انفرادی معاملہ معاملہ میں کوئی بینک ریزرو بینک سے اس پر دوبارہ غور کرنے کی التجا کر سکتی ہے۔ پھر بھی اگر کوئی بینک کسی خاص اور صحیح مشکلات جو چیسٹ کو درپیش ہوں، خاص طور سے پہاڑوں/ دوردراز کے علاقوں کی چیسٹ بینکوں کو آسمانی آفات وغیرہ کی وجہ سے ہوں وہ متعلقہ ریزرو بینک کے اشو آفس کو اپنے ہیڈ آفس/ کنٹرولنگ آفس کے ذریعہ متعلقہ بینک کے کرنٹ اکاؤنٹ سے ڈیبٹ کی تاریخ سے ایک مہینہ کے اندر اندر اپنی درخواست بھیج سکتا ہے۔

5.2 غلط رپورٹنگ کے معاملہ میں پینل انٹریسٹ معافی کے لئے نمائندگی (رپریزینٹیشن) پر غور نہیں کیا جائے گا۔ (پیرا 1.4)

5.3 چونکہ پینل انٹریسٹ کی لیوی کا مقصد بینکوں میں ڈسپلن قائم رکھنا ہے تا کہ صحیح رپورٹنگ ان کے ذریعہ کی جائے۔ اس کی معافی کے لئے یہ کہنا کہ رپورٹنگ میں تاخیر/ غلط رپورٹنگ/ رپورٹنگ نہیں کی گئی تا کہ سی آر آر/ ایس ایل آر کو برقرار رکھا جائے ریزرو بینک کے ساتھ۔ یا یہ کہ کلیرکل غلطی ہوگئی، یا گنتی میں غلط ہوگیا ایسا میرا کوئی ارادہ نہیں تھا وغیرہ وغیرہ ان کو پینل انٹریسٹ معافی کے لئے قابل غور نہیں ہوگا۔ ہم سنجیدگی سے ایسی کمیوں پر کارروئی کریں گے۔